26/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عارف حسین

یوم جمہوریہ

ملک بھر میں آج77ویں یوم جمہوریہ کاجشن ہے۔قومی سطح کی تقریب نئی دلی کے کرتویہ پتھ پر منعقد ہورہی ہے جہاں صدر جمہوریہ درو پدی مرمو جشن جمہورکی قیادت کریں گی۔

یوم جمہوریہ کی پریڈ صبح ساڑھے دس بجے سے شروع ہو کر قریب ڈیڑھ گھنٹے تک جاری رہے گی۔اس پریڈ میں بھارت کے مالا مال اور گونا گوں ثقافتی ورثے کے علاوہ فوجی طاقت کا مظاہرہ کیاجائے گا۔

جموں کشمیر سمیت مختلف ریاستوں ، مرکزی زیر انتظام علاقوں اور الگ الگ وزارتوں کی جھانکیاںاس پریڈ میںدلچسپی کامرکز رہیں گے۔ اس سال یوم جمہوریہ کی قومی تقریب میں زندگی کے مختلف شعبوں میں نمایاں کام انجام دینے والے دس ہزار مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔

پریڈ

ادھر جموں کشمیر میں جشن جمہور کی سب سے بڑی تقریب مولانا آزاد اسٹیڈیم جموںمیں منعقد ہو رہی ہے جہاں لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہاقومی پرچم پھیرا کر پریڈ پر سلامی لیں گے۔ اس تقریب میںوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ مہمان خصوصی ہوں گے۔

وادی میں صوبائی سطح کی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگرمیںمنعقد ہو رہی ہے جہاں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری مارچ پاسٹ پر سلامی لیں گے۔سبھی کابینہ وزراءبھی مختلف اضلاع میں 26جنوری کی تقریب کی قیادت کریں گے جبکہ باقی ماندہ اضلاع میں متعلقہ ضلع ترقیاتی کونسلوں کے چیر پرسنز ترنگا پھیرا کر پریڈ کا معائنہ کریں گے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے یوم جمہوریہ کے موقعے پر عوام کے نام اپنے پیغام میں مختلف شعبوں کی حصولیابیوں کا تذکرہ کرتے ہوئے کامیابی کی نئی بلندیاں عبور کرنے کیلئے لگن اور تن دہی کے ساتھ کام کرنے کی ضرورت اجا گر کی ہے ۔

انہوننے کہا کہ ہمیں جموں کشمیر کو خوشحالی اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے اپنے آپ کو وقف کرنا ہوگا۔منوج سنہا نے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات اور بہترین کار کردگی کا مظاہرہ کرنے والے عام لوگوں ، سرکاری ملازمین اور فورسز کے اہلکاروں کی ستائش کی لیفٹنٹ گورنر نے 77ویں یوم جمہوریہ کے موقعے پر عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے آئین کے معماروں کو شاندارالفاظ میں خراج عقیدت ادا کیا۔

....

انہوں نے جموں کشمیر میں امن بحال کرنے والی فورسز خاص طور جموں کشمیر پولیس کی بے مثال خدمات کو سراہا۔

....

ایوارڈ

یوم جمہوریہ کے موقعے پر ملک بھر میں مختلف شعبو نمیں کار ہائے نمایاں انجام دینے والی 131شخصیات کو اس سال کے پدم ایوارڈ سے نواز اگیا ہے ۔ان میں کشمیر وادی سے تعلق رکھنے والے معروف ادیب پروفیسر شفیع شوق اور جموں سے تعلق رکھنے والے سماجی کارکن برج لال بٹ بھی شامل ہیں۔

ادبی مرکز کمراز کے صدر محمد امین بٹ نے پروفیسر شفیع شوق کو پدم ایوارڈ عطا کئے جانے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اعزاز خطے کے ادب کیلئے باعث افتخار ہے ۔

اسی دوران ضلع بڈگام کوحالیہ ضمنی انتخابات احسن طریقے پرمنعقد کرانے کیلئے بہترین ضلع الیکشن ایوارڈ سے نوازا گیا ہے ۔ یہ ایوارڈ لیفٹنٹ گورنر نے کنونشن سینٹر جموں میں منعقدہ ایک تقریب پر ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کو تفویض کیا۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے شہرہ

ٔ آفاق سیاحتی مقام گلمرگ کا دورہ کرکے وہاں سڑکوں سے برف ہٹانے اور سیاحو ناور عام لوگوں کو فراہم کی جا رہی سہولیات کا جائزہ لیا۔

انہوننے کہاکہ برف باری سے جہاں سیاحتی منظر نامے کو فروغ ملا ہے وہیں دو سال کے وقفے کے بعد کھیلو انڈیا ونٹر گیمز کا انعقاد ہوگا۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ حالیہ برف باری کے بعد وادی میں متاثر ہوئی بجلی سپلائی کافی حد تک بحال کی گئی ہے ۔

....

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارتمنفی0اعشاریہ 1ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ